سوال

(682)علاج کی غرض سے دانتوں میں کشادگی پیدا کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

علاج معالجے اور خامیوں کو دور کرنے کے ارادے سے دانتوں کی کشادگی کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دانتوں کا علاج اگر خوبصورتی اور کم عمری کو ظاہر کرنے کے لیے ہو تو یہ شرعی طور پر حرام ہے اگر علاج معالجے کے طور پر ہو تو کوئی رکاوٹ نہیں۔ اگر عورت کا کوئی زائد دانت ظاہر ہو جو تکلیف دہ ہو تو پھر اسے اکھڑوانے میں کوئی رکاوٹ نہیں کیونکہ اس سے بد صورتی پیدا ہوتی ہے اور کھانے میں رکاوٹ ہوتی ہے نیز خامیوں کو دور کرنا بھی شرعی طور پر جائز ہے اسی طرح اگر ان میں کیڑے ہوں اور ان کی اصلاح کی ضرورت ہو تو کوئی حرج نہیں۔ (فضیلۃ الشیخ صالح الفوزان)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 605

محدث فتویٰ